آنتوں کے کینسر کی جانچ کیا ہے؟

این ایچ ایس آنتوں کے کینسر کی اسکریننگ چیک کرتی ہے کہ آیا آپ کو آنتوں کا کینسر ہوسکتا ہے۔ اسکریننگ سے آنتوں کے کینسر کو روکنے یا ابتدائی مرحلے میں اسے تلاش کرنے میں مدد مل سکتی ہے، جب اس کا علاج کرنا آسان ہوتا ہے۔

این ایچ ایس ایک مفت آنتوں کی اسکریننگ کٹ بھیجتا ہے جو آپ کو پاخانے کا ایک چھوٹا سا نمونہ جمع کرنے کی سہولت دیتا ہے۔ اسکا لیبارٹری میں خون کی چھوٹی سی مقدار ہونے کا معائنہ کیا جاتا ہے۔

خون ہونا پولیپس یعنی گلٹیوں یا آنتوں کے کینسر کی علامت ہوسکتی ہے۔ پولیپس کی آنتوں میں نشوونما ہوتی ہے، جو وقت کے ساتھ کینسر میں تبدیل ہوسکتی ہیں۔ اگر کچھ ایسی چیز کا پتہ چلا تو، آپ کو مزید ٹیسٹ کرنے کے لئے مدعو کیا جائے گا، عام طور پرایہ اسپتال میں کیاجاتاہے۔

اگر آپ میں کسی بھی عمر میں آنتوں کے کینسر کی علامات ظاہر ہوں تو ہمیشہ جی پی سے رابطہ کریں، چاہے آپ نے حال ہی میں اسکریننگ ٹیسٹ مکمل کیا ہو۔

آنتوں کے کینسر کی اسکریننگ کی پیشکش کیوں کی جاتی ہے؟

آنتوں کا کینسر سب سے عام کینسر میں سے ایک ہے اور باقاعدگی سے اسکریننگ اس کی روک تھام میں مدد کر سکتی ہے یا ابتدائی مرحلے میں اسے تلاش کر سکتی ہے جب اس کا علاج آسان ہوتا ہے۔

آنتوں کے کینسر کی سکریننگ کس کے لئے ہے؟

لندن میں یہ 56 سے 74 سال کی عمر کے تمام افراد کے لیے ہے، یہ عمر 2025 تک کم ہو کر 50 ہو جائے گی۔ جب آپ کی باری آئے گی تو، آپ کو ہر 2 سال میں اسکریننگ ٹیسٹ کٹ بھیجی جائے گی۔ جب بھی آپ کواسے بھیجا جائے تو آپ کو کٹ کو مکمل کرنا چاہئے۔

میں ہوم اسکریننگ ٹیسٹ کیسے حاصل کروں؟

انگلینڈ میں ہر اہل شخص، جو جی پی کے ساتھ رجسٹرڈ ہے، خود بخود ٹیسٹ کٹ ان کے گھر کے پتے پر بھیج دی جاتی ہے۔

مجھے اپنا نتیجہ کب ملے گا؟

آپ کا نتیجہ 2 ہفتوں کے اندر آپ کو پوسٹ کیا جائے گا۔ آپ کو بتایا جائے گا اگر مزید ٹیسٹ کی ضرورت ہے۔ اضافی ٹیسٹ کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ کو آنتوں کا کینسر ہے۔

اگر آپ کو این ایچ ایس آنتوں کے کینسر کی اسکریننگ کٹ بھیجی گئی ہے تو، اسے بیت الخلا کے پاس رکھیں۔

اس میں تاخیر نہ کریں۔

Screening saves lives

Help us help you

مفت ہیلپ لائن: 0800 707 6060

آنتوں کے کینسر کی اسکریننگ کٹ کا استعمال کیسے کریں

1. نمونے کی بوتل پر تاریخ لکھیں
2. اپنے پاخانے کو پکڑنے کے لئے ایک کنٹینر یا ٹوائلٹ پیپر کی تہوں کا استعمال کریں
3. اپنے پاخانے کو بیت الخلا کے پانی کو چھونے نہ دیں
4. نمونے کی بوتل کھولنے کے لئے ڈھکن کو موڑیں



5. تیِلے کے ساتھ پاخانے کو کُھرچ کے نمونہ حاصل کریں اورایسا تب تک کریں جب تک تمام گرووزیعنی جھریوں پر یہ لگ نہ جائے۔
6. ہمیں ٹیسٹ کرنے کے لئے صرف ایک تھوڑے سے پاخانے کی ضرورت ہے۔ برائے مہربانی اس پر بہت زیادہ نہ لگائیں۔
7. سٹِک یعنی تیلے کو واپس بوتل میں رکھیں اور اسے بند کرنے کے لئے ڈھکن پر کلک کریں۔
8. استعمال کے بعد بوتل کو دوبارہ نہ کھولیں
9. براہ کرم استعمال کے بعد اپنے ہاتھ دھوئیں
10. نمونے والی بوتل فراہم کردہ مفت واپسی والے لفافے میں رکھیں
11. ٹیپ کو چھیلیں، لفافے کو بند کریں اور پوسٹ کریں
12. آپ دو ہفتوں میں اپنے ٹیسٹ کے نتائج حاصل کرنے کی توقع کر سکتے ہیں



اگر آپ کو این ایچ ایس آنتوں کے کینسر کی اسکریننگ کٹ بھیجی گئی ہے تو، اسے بیت الخلا کے پاس رکھیں۔

اس میں تاخیر نہ کریں۔

nhs.uk/bowel-screening

MMC_Bowel_WalletCard_Urdu AW.indd 2 07/11/2023 1:34 pm